اخبار و افکار

وقائع نگار

۱۹ اکتوبر: کولوریڈو اسٹیٹ امریکہ کے شعبہ معاشیات اور قانون ماحول کے پروفیسر ڈاکٹر جارج ۔ ای ۔ ریڈوسونچ (Dr. George E-Radosouich) نے ڈائرکٹر ادارۂ تحقیقات اسلامی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی ۔ ڈاکٹر جارج ”پاکستان میں پانی کی تقسیم — ایک معاشیاتی مطالعہ“ (The water distribution in Pakistan an economic study) کے موضوع پر ایک مقالہ لکھ رہے ہیں ۔ اس سلسلے میں انھوں نے پانی کی تقسیم اور پانی کے استعمال کے متعلق اسلامی نقطۂ نظر پر ڈائرکٹر سے تبادلہ خیال کیا ۔ ڈاکٹر جارج نے قرآن سنت اور فقہ کی روشنی میں طہارت، وضو، غسل اور آبپاشی کے متعلق احکام و مسائل سے بھی واقفیت حاصل کی ۔

---

۲۴ نومبر: وزارت قانون حکومت پاکستان کے ڈپٹی سکریٹری جناب ہدایت حسین ایم ۔ ایس ۔ سی ، سی ۔ ایس ۔ پی نے سیمینار ہال میں “Musalman Criminal Law in Indo-Pakistan Sub-Continent” کے موضوع پر انگریزی میں ایک مقالہ پڑھا ۔ مقالہ پیش کرنے سے پہلے انھوں نے تمہید کے طور پر سائنس ، اس کے حدود اور اغراض و مقاصد پر شستہ اردو زبان میں روشنی ڈالی ۔ مقالے کے بعد سوالات و جوابات کا سلسلہ شروع ہوا جو دیر تک جاری رہا ۔ یہ گفتگو بہت دلچسپ اور دانش ورانہ تھی ۔ موضوع خشک ہونے کے باوجود انداز گفتگو اور آزادانہ ماحول نے گرانی محسوس نہیں ہونے دی ۔

ابتداء میں مہمان مقالہ نگار کا تعارف اور اختتام پر تشکر کے فرائض جناب ڈائرکٹر نے انجام دیئے ۔

---

۲۵ نومبر: ڈاکٹر احسان حقی نے ادارۂ تحقیقات اسلامی کے ڈائرکٹر سے ملاقات کی ۔ ڈاکٹر حقی ایک لبنانی مورخ ھیں، بیروت میں مقیم ھیں اور حکومت پاکستان کے ایما پر عربی زبان میں پاکستان کی تاریخ لکھ رہے ھیں ۔

انھوں نے ادارہ کے کتب خانے میں بہت دلچسپی لی اور تفصیل سے اس کے مختلف صیغوں کا معائنہ کیا ۔ انھوں نے اس بات پر خوشی اور تعجب کا اظہار کیا کہ ادارے میں اکثر لوگوں نے ان کے ساتھ عربی میں گفتگو کی ۔

ڈائرکٹر نے ادارے کے رسائل اور دیگر عربی اور انگریزی مطبوعات کا تحفہ انھیں پیش کیا ۔